نسلی مساوات کو فروغ دینے کے لیے
موجودہ اور مجوزہ اقدامات

ہانگ کانگ آبزرویٹری

ہانگ کانگ آبزرویٹری (HKO) محکمہ موسمیات کا مقصد عوام الناس کے لیے موسم کے حال سے متعلق اعلی معیار کی خدمات مہیا کرنا ہے اسکے علاوہ ہم خصوصی صارفین کو،جیسا کہ بحری جہاز رانی اور ہوا بازی کے شعبوں میں بھی سہولیات فراہم کرتے ہیں . HKO کے لیے یہ بات بہت اہم ہے کہ عوام میں نسلی و ثقافتی پس منظر سے قطع نظر ، ہماری خدمات تک تمام لوگوں کی یکساں رسائی ہو۔

متعلقہ خدمات

- HKO کا کام ، (a) موسم کی پیشن گوئی کرنا اور موسم کے خطرات سے متعلق اطلاع جاری کرنا ؛ (b) اسکے علاوہ ہانگ کانگ میں ماحولیاتی تابکاری کی سطح کے بارے میں معلومات فراہم کرنا ؛ اور (c) ہانگ کانگ کے معیاری وقت کو برقرار رکھنا ہے اورادارہ جیو فزیکل ، سمندری ، فلکیات سے مُتعلق اور ماحول سے متعلق معلومات فراہم کرنے کا ذمہ دار ہے.

موجودہ اقدامات

- HKO کی موسم سے متعلق اطلاع اور دیگرخدمات کے متعلق معلومات HKO کی ویب سائٹ پر ہانگ کانگ کی **دو** سرکاری زبانوں (یعنی چینی اور انگریزی) میں دستیاب ہیں ،اسکے علاوہ خاص موسمیاتی ویب سائٹ کا انتظام بھی کیا گیا ہے تاکہ موسم کے بارے میں بنیادی معلومات مختلف زبانوں[1] میں لوگوں تک پہنچائی جاسکیں۔

- معلوماتی اور تعلیمی کتابچے/ دستی اشتہار دونوں سرکاری زبانوں میں عام لوگوں میں تقسیم کے لیے شائع ہوتے ہیں ۔اسکے علاوہ HKO نے موسم کے خطرات سے آگاہ کرنے کیلئے (" *ہانگ کانگ میں طُوفانی بارش و آندھی کے انتباہ کے سگنلز* " اور " *سرد اور بہت گرم موسم* "اور" *ٹروپیکل طوفان سے متعلق انتباہی نظام* " اور" *تیز مُون سُون کی ہواؤں کے سگنل* " اور " *گرج چمک والے طوفان کی تخلیق اور خطرات* ")کے نام سے پانچ کتابچوں کا ترجمہ مختلف زبانوں میں کیا ہے،یہ کتابچے HKO کی ویب سائٹ[2] پر دستیاب ہیں۔ (https://www.hko.gov.hk/en/publica/pubgen.htm)

- عوام کی تعلیم و آگاہی کی غرض سےچائینیز آن لائن ویڈیو کورسز کے کچھ حصے انگریزی[3] زبان میں دستیاب ہیں۔

- HKO کے بڑے دفتراور ریسورس سینٹرکا استقبالیہ کاؤنٹر مختلف نسل و ثقافت کے لوگوں کی زبان کی ضرورت سمجھتے ہوئےزبان کی شناخت کے کارڈ رکھے گاتاکہ اگر آپکو زبان سمجھنے میں مشکل ہے تو آپ اُنکی مدد سے راہنمائی لے سکتے ہیں۔

[1] ترجمہ کی گئی زبانیں یہ ہیں،ہندی ،نیپالی،اُردو،پنجابی،تھائی ،بھاسا انڈونیشیا،تگالگ،اور ویتنامی۔.

[2] اشاعت نمبر 44 ,35 ,33 ,25 ,20 .

[3] اسمیں شامل ہےتیرہ اقساط پر مشتمل "موسم کا حال معلوم کرنے کیلیے آن لائین ویڈیو کورس"۔

مستقبل کے کام کا تعین	● HKOوقتًا فوقتًا مختلف نسلوں کے لوگوں کی ضروریات کو پورا کرنے کے نقطہ نظر سے خدمات کا جائزہ لیتا رہے گا.
اضافی اقدامات،جو لیے گئے / لیے جائیں گے	● HKO آئندہ برسوں میں مختلف نسلوں کی کئی زبانوں میں مزید موسم کے انتباہی کتابچے / دستی اشتہار فراہم کرے گا.
	● HKO ضرورت و حالات کے مطابق مختلف نسلوں کے لوگوں کے لیے تعلیمی سرگرمیاں منعقد کرے گا ، جیسے HKOکا دورہ کرنا
	● HKO عوام کو تعلیم دینے کی غرض سے مزیدزبانوں میں آن لائن ویڈیو کورس نکالے گا۔

سوالات کے لیے ، براہ کرم مندرجہ ذیل چینلز کے ذریعہ ایلن وانگ(Alan WONG)، اسسٹنٹ ڈیپارٹمنٹ سیکرٹری (جنرل) 2 سے رابطہ کریں:-

ٹیلیفون	:	2926 8039
فیکس	:	2311 9448
ای میل	:	mailbox@hko.gov.hk
ڈاک	:	Hong Kong Observatory 134A Nathan Road Kowloon Hong Kong

ہانگ کانگ آبزرویٹری
مئی 2023